ادارہ کتب اسلامیہ گجرات

الحمد للہ کہ مجموعہ مسائل دینیہ مدلل بدلائل یقینیہ!

مسمّٰی بہ

فتاویٰ نعیمیہ

جس میں

حضرت مولانا الحاج حکیم الامت مفتی احمد یار خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے وہ معرکۃ الآرا
فتاویٰ جمع کر دیئے گئے ہیں جن کی موجودہ
زمانہ میں اشد ضرورت ہے

○

مؤلفہ

حافظ محمد عارف فارسی ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات

○

ناشر

ادارہ کُتبِ اسلامیہ چوک پاکستان گجرات

نام کتاب ـــــ فتاویٰ نعیمیہ (مفتی احمد یار خان نعیمیؒ)

مؤلفہ ـــــ حافظ محمد عارف صاحب فارسی ۔ ٹیچر پبلک ہائی سکول گجرات

صفحات ـــــ ۱۶۰/-

ناشر ـــــ ادارہ کتب اسلامیہ

پرنٹرز ـــــ پیر بھائی پرنٹرز ۔ لاہور

تعداد ـــــ ایک ہزار

ملنے کا پتہ ؛ مکتبہ اسلامیہ ، ۴۰ ۔ اردو بازار ۔ لاہور

یہ قول کہ ایک کی تقلید کیوں کرتے ہیں۔ اس کی چند وجہ ہیں۔ اولاً یہ کہ مسلم شریف جلد ۲ صفحہ ۱۲۸ میں روایت ہے کہ سرکار علیہ السلام فرماتے ہیں۔ من اتاکم وامرکم جمیع علی رجل واحد یرید ان یشق عصاکم او یفرق جماعتکم فاقتلوہ۔ اس میں مراد محض دنیاوی احکام نہیں۔ بلکہ دینی احکام بھی ہیں اور یہ مجتہدین بھی ہیں۔ کیونکہ لاطاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق۔ خود مسلم نے کتاب الامارات میں۔ باب وجوب طاعۃ الامراء فی غیر معصیۃ وتحریمھا فی معصیۃ منعقد کیا۔ بہرحال اس حدیث سے ثابت ہے کہ ایک امام کی پیروی کرنا ضروری ہے۔ افضل واعلم کے ہوتے مفضول کی تقلید جائز نہیں حدیث میں ہے۔ من تولی امر المسلمین شیئًا فاستعمل علیہم رجلا ویعلم ان منہم من ھو اولی بذالک واعلم منہ بکتاب اللہ وسنۃ رسولہ فقد خان اللہ ورسولہ وجماعۃ المسلمین فتح القدیر وغیرہ مسلم جلد اول صفحہ ۵۴ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الدین النصیحۃ قلنا لمن قال للہ ولرسولہ ولکتابہ ولائمۃ المسلمین وعامتہم۔ اس جگہ نووی میں ہے۔ ان من نصیحتھم قبول مارووہ وتقلیدھم فی الاحکام۔ بخاری میں ہے۔ اذا اسند الامر الی غیر اھلہ فانتظر الساعۃ سیدنا ابوموسیٰ اشعری نے فرمایا۔ لاتسئلونی مادام ھذا الحبر فیکم۔ ہدایہ جلد اول صفحہ ۲۱ جس کی ہم اب تقلید کر رہے ہیں۔ اس کو افضل سمجھ کر کر رہے ہیں تو دوسرے کا مسئلہ لیا وہ کیوں؟

تقلید کا حکم تحری کا سا ہے کہ ایک تحری کسی دلیل پر مبنی ہو۔ تو جب تک تحری یا دلیل نہ بدلے اس کو چھوڑنا جائز نہیں۔ اگر کوئی جنگل میں ہو جہاں قبلہ مشتبہ ہو اسی نیت سے نماز پڑھے کہ چار رکعتیں چار طرف پڑھوں گا۔ نماز نہ ہوگی۔ نیز ایسا شخص متبع ہوا ہے۔ کہ جس میں اپنی آسانی دیکھتا ہے اسی کی پیروی کرتا ہے۔ نیز اس میں تلفیق لازم آتی ہے۔ جس کی تفصیل شامی میں ہے۔ واللہ و رسولہٗ اعلم

احمد یار خان عفی عنہ

نبی کریم کے چار یار کے مراتب کا بیان

فتویٰ نمبر ۵۸

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ میرا عقیدہ ہے کہ بعد نبی کے حضرت علی امیر المومنین کی شان سب خلقت سے زیادہ ہے اور خصوصاً اصحاب ثلاثہ سے۔ میں بارہ اماموں کو امام معصومین مانتا ہوں۔ ان تمام کی شان بھی اصحاب ثلاثہ سے زیادہ سمجھتا ہوں اور ان کی عزت کرتا ہوں۔ مگر ان کو امام حق نہیں جانتا۔ اور نہ ہی بارہ امام

معصومین کے برابر۔ کیا میں اہل سنت والجماعت ہو سکتا ہوں۔ بینوا توجروا۔

الجواب

جس کا یہ عقیدہ ہو وہ مرتد کافر اور اسلام سے خارج ہے پکا تبرائی رافضی ہے اور یہ جو کہتا ہے کہ خلفائے ثلاثہ کی شان بھی بہت زیادہ سمجھتا ہوں محض اس کا تقیہ ہے۔ جب ان اصحاب ثلاثہ کی خلافت کو حق نہیں سمجھتا۔ تو ان کو معاذاللہ خائن اور غاصب مانتا ہے۔ کیا خائن اور غاصب آدمی شان دار ہو سکتا ہے۔ ہرگز نہیں۔ یہ کلمات صرف اہل اسلام کو پھنسلانے کے لئے کہہ رہا ہے۔ حضرت صدیق و فاروق کی خلافت کو تسلیم نہ کرنے والا کافر مطلق ہے کیونکہ ان کی خلافت اجماعی قطعی ہے۔ حضرات اہل بیت عظام و تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اس کو تسلیم کیا۔ اگر ان خلافتوں میں ذرہ برابر باطل کا شائبہ بھی ہوتا تو ذوالفقار حیدری اس طرح میان سے نکل آتی جس طرح کہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں نکلی اور دستِ حسین ان کی بیعت سے علیحدہ رہتے۔ جس طرح کہ یزید پلید کی بیعت سے۔ حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر تقیہ کا الزام لگانا اس ذات کریم کے ساتھ انتہا درجہ کی دشمنی کا ثبوت ہے۔ کیونکہ تقیہ مذکورہ یا تو بزدل کرے گا یا محض منافق۔ میدان کربلا میں باوجود اس قدر دشواریوں کے حضرت امام مظلوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تقیہ نہ فرمانا اس عقیدہ کی جڑ کاٹتا ہے۔ نیز سوائے انبیائے کرام اور ملائکہ کے کسی کو معصوم ماننا بھی گمراہی ہے۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ يُرِيدُ اللهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ۔ اس سے ثابت ہے کہ حضرات اہل بیت معصوم نہیں۔ مغفور ہیں معصوم تو وہ جس سے کوئی گناہ سرزد ہی نہ ہو سکے۔ اگر ان میں کوئی خطا تھی ہی نہیں تو رجس کو دور کرنے کے کیا معنی؟ دور وہ چیز کی جاتی ہے جو موجود ہو اور اگر یہ آیت عصمت ثابت کرتی ہے تو ازواج مطہرات بھی معصوم ہونی چاہئیں۔ کہ وہ اہل بیت سکونت ہیں اور اس آیت میں نیز اصحاب بدر کے بارے میں فرمایا گیا۔ وَيُذْهِبَ عَنكُمْ رِجْسَ الشَّيْطَانِ ۔ یہاں بھی پلیدی دفع کرنے کی خبر دی گئی ہے۔ لہٰذا ان کو معصوم ماننا لازم آئے گا۔ غرضیکہ یہ عقیدہ بھی باطل محض ہے۔ نیز حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرات ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل ماننا گمراہی ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض وفات میں حضرت صدیق کو اپنا جانشین یعنی امام نماز مقرر فرمایا کہ جس جگہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ موجود ہوں۔ وہاں کسی کو امامت کا حق نہیں۔ ظاہر ہے کہ امام افضل کو بنایا جاتا ہے جس سے افضلیت صدیق بخوبی واضح ہوئی۔ واللہ و رسولہ اعلم

احمد یار خان عفی عنہ